EAM’s visit to Japan 6-7 October, 2020

September 29, 2020

وزیر خارجہ کا 7-6 اکتوبر 2020 کے درمیان جاپان کا دورہ

ستمبر 29، 2020

ڈاکٹر ایس جیشنکر جاپانی وزیر خارجہ سے دوطرفہ مشاورت کے لئے 6 سے 7 اکتوبر 2020 کے درمیان جاپان کے شہر ٹوکیو کا دورہ کریں گے۔ اس بات کی توقع کی جاتی ہے کہ دونوں وزراء باہمی دلچسپی کے دوطرفہ اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔

اس دورے کے دوران، وزیر خارجہ 6 اکتوبر 2020 کو ہونے والے دوسرے ہندوستان – آسٹریلیا- جاپان - امریکہ کے وزارتی اجلاس میں بھی حصہ لیں گے، جس میں متعلقہ ممالک کے وزرائے خارجہ شرکت کریں گے۔

وزرائے خارجہ کووڈ 19 کے بعد بین الاقوامی نظام اور وبائی مرض سے پیدا ہونے والے مختلف چیلنجوں کے مربوط جواب کی ضرورت پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وہ علاقائی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے اور اجتماعی طور پر ایک آزاد، کھلا اور جامع انڈو پیسیفک خطے کو برقرار رکھنے کی اہمیت کی تاکید کریں گے۔

وزیر خارجہ اپنے دورہ جاپان کے دوران آسٹریلیا اور امریکہ کے وزرائے خارجہ سے دوطرفہ مشاورت بھی کریں گے۔

نئی دہلی

ستمبر 29، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.